سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ

مدنی سورۃ ہے اس میں آٹھ آیات ہیں

رکوع نمبر ۱ آیات ۱ تا ۸ عَمَّ ۳۰/۲۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ○

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝۱ جب زمین بھونچال سے ہلا دی جائے گی ①

وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝۲ اور زمین اپنے (اندر کے) بوجھ نکال ڈالے گی ②

وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝۳ اور انسان کہے گا کہ اس کو کیا ہوا ہے؟ ③

يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝۴ اس روز وہ اپنے حالات بیان کر دے گی ④

بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝۵ کیونکہ تمہارے پروردگار نے اس کو حکم بھیجا ہوگا ⑤

يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ اس دن لوگ گروہ گروہ ہو کر آئیں گے تاکہ ان کو انکے

لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝۶ اعمال دکھا دیئے جائیں ⑥

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝۷ تو جس نے ذرہ بھر نیکی کی ہوگی وہ اس کو دیکھ لے گا ⑦

وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝۸ ع ۱ ۲۴ اور جس نے ذرہ بھر برائی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لے گا ⑧

THE EARTHQUAKE

Revealed at Mecca

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.

1. When Earth is shaken with her (final) earthquake
2. And Earth yieldeth up her burdens.
3. And man saith: What aileth her?
4. That day she will relate her chronicles,
5. Because thy Lord inspireth her.
6. That day mankind will issue forth in scattered groups to be shown their deeds.
7. And whoso doth good an atom's weight will see it then,
8. And whoso doth ill an atom's weight will see it then.

اسرار و معارف

جب زمین کو جھنجھوڑ ڈالا جائے گا یعنی قیامت قائم ہوگی اور زمین تمام لوگوں کو اور مال و زر کو اُگل دے گی یا وہ راز جو بہر حال ——— اس کے پاس محفوظ ہوں گے کھول دے گی تو انسان کہہ اُٹھے گا کہ بھلا زمین کو کیا ہو گیا اس نے تو سب کچھ بتا دیا ہاں ضرور بتائے گی کہ تیرے

پروردگار کا حکم اس کو بتانے ہی کا ہوگا اس روز لوگ الگ الگ طبقے اور جماعتیں بن جائیں گے جس طرح کے لوگوں اور کردار کی رفاقت دنیا میں اختیار کی اسی طرح کے گروہوں میں کھڑے ہوں گے کہ اپنے اعمال کے نتائج کو دیکھیں جس کسی نے ذرہ برابر بھی نیکی کی ہوگی وہ اس کا بدلہ پالے گا اس سے علماء نے دلیل اخذ فرمائی ہے کہ جس کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان ہوگا آخر کسی نہ کسی وقت دوزخ سے رہائی پالے گا اور جس کسی نے ذرہ برابر بھی برائی کی ہوگی اس کا نتیجہ بھی دیکھ لے گا حدیث پاک کا مفہوم ہے کہ کسی گناہ کو چھوٹا نہ سمجھا جائے کہ سب پر مواخذہ تو ہوگا " اللہ کریم رحم فرمائے "